Maulana Azad National Urdu University
B.A III Semester Examination - December - 2019
BAHS301CCT- History of India
(From the Mid 8th Century to the Early 16th Century AD)

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) محمد بن قاسم نے سندھ کے کس راجہ کے خلاف فوجی مہم کی تھی۔

(ii) محمد غوری کے حملہ کے دوران شمالی ہندوستان میں موجود حکمران خاندانوں میں سے دو کا نام بتائیں۔

(iii) سب سے پہلے دکن پر حملہ کرنے والے دہلی سلطان کا نام بتائیں۔

(iv) محمد بن تغلق نے زرعی اصلاح اور فروغ کے لیے کون سا محکمہ قائم کیا تھا۔

(a) دیوان امیر کوہی (b) دیوان حق شرب (c) دیوان سیاست (d) محکمہ فلاح و بہبود

(v) چشتی اور سہروردی صوفی سلسلے کے بانیوں کے نام بتائیں۔

(vi) ضیاءالدین برنی کی کتاب کا نام بتائیں۔اس نے یہ کتاب کس دہلی سلطان کے عہد میں مکمل کی۔

(vii) ہندوستان کی دو اہم تجارتی بندرگاہوں کا نام بتائیں جن سے بیرونی تجارت ہوتی تھی۔

(viii) وجے نگر سلطنت کی بنیاد کس نے رکھی۔

(a) کرشن دیورائے (b) ہریہر اور بکا (c) دیورائے اول (d) دیورائے دوم

(ix) محفل سماع سے کیا مراد ہے۔

(x) دہلی سلطنت میں جسے اقطاع دیا جاتا تھا اسے کیا کہتے تھے۔

(a) والی (b) جاگیردار (c) حاجب (d) منصب دار

حصہ دوم

(2) سندھ پر عربوں کے حملہ کے اسباب اور نتائج پر مختصر مضمون لکھیں۔

(3) بلبن کے نظریۂ بادشاہت پر روشنی ڈالیں۔

(4) وجے نگر اور بہمنی سلطانوں کے درمیان سیاسی کشمکش کے کیا اسباب تھے۔تبصرہ کیجیے۔

(5) شمالی ہند کی موحد بھکتی تحریک کے اہم خصوصیات کا ذکر کریں۔

(6) دہلی سلطنت میں طبقہ امراء پر ایک مختصر نوٹ تحریر کریں۔

(7) علاؤالدین خلجی کی مارکیٹ پالیسی پر روشنی ڈالیں۔

(8) ہندوستان میں ترکوں کی کامیابی کے کیا اسباب تھے؟ تنقیدی تبصرہ کیجیے۔

(9) دہلی سلطنت کے مرکزی نظام کا جائزہ لیں۔

حصہ سوم

(10) دہلی سلطنت کے قیام سے ماقبل ہندوستان کے سیاسی اور معاشی حالات کا تنقیدی تجزیہ کریں۔

(11) اقطاع نظام کیا ہے؟ دہلی سلطنت کے استحکام اور مرکزیت میں اس کا کیا رول تھا؟ بحث کریں۔

(12) علاؤالدین خلجی اور محمد بن تغلق نے زرعی معیشت (Agrarian Economy) میں کیا تبدیلیاں کیں۔جائزہ لیں۔

(13) عہد وسطیٰ کے ہندوستان میں غیر ملکی تجارت پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔

(14) چشتی اور سہروردی صوفی سلسلوں کی تعلیمات کے درمیان فرق واضح کریں۔

☆☆☆